
خالد


دینیات

برائے جماعت دوم



واجد سنز ایجوکیشنل پبلشرز ۳، اُردو بازار لاہور فون ۶۴۴۸۰


خالد
دینیات
برائے جماعت دوم
فہرست مضامین
نمبر شمار صفحہ
۱۔ اللہ اکبر ۲
۲۔ توحید و رسالت ۳
۳۔ اللہ کے پیغمبر ۴
۴۔ الہامی کتابیں ۵
۵۔ قرآن مجید ۶
۶۔ فرشتے ۷
۷۔ نماز کی اہمیت ۹
۸۔ وضو کا طریقہ ۱۰
۹۔ نماز پڑھنے کا طریقہ ۱۱
۱۰۔ فرض نمازیں ۱۸
۱۱۔ ماں باپ کا ادب ۱۹
۱۲۔ دیانت داری ۲۰
Rs. 8/-



اَللّٰہُ اَکْبَرُ

س : اَللّٰہُ اَکْبَرُ کا کیا مطلب ہے ؟

ج : اَللّٰہُ اَکْبَرُ کا مطلب ہے "اَللّٰہ سب سے بڑا ہے ۔"

س : اَللّٰہ کی تعریف بیان کریں ؟

ج سَب تعریفیں اَللّٰہ کے لیے ہیں ۔ وُہ بڑی عزّت اور بڑی شان والا ہے ۔ وُہ زمین و آسمان کا مالک ہے ۔ اُس نے یہ چاند، سُورج ستارے دریا، سمندر اور پہاڑ بنائے ۔

اُسی نے یہ درخت، پھل، پھُول اُگائے ۔ دُنیا کی ہر شئے کا وُہی بنانے والا ہے ۔ وُہی ہم کو رزق دیتا ہے ۔ وُہ مارتا ہے ۔ اور وُہی پیدا کرتا ہے ۔ اَللّٰہ کی جتنی بھی تعریف کی جائے وُہ کم ہے ۔

س : اَللّٰہ کِن باتوں سے خُوش ہوتا ہے ؟

ج : ہمیں چاہیئے کہ ہر وقت اور ہر حال میں اللہ کا شُکر ادا کرتے رہیں ۔ اللہ اور اَللہ کے پیارے رسولؐ کی اِطاعت کریں ، اور اُن کے بتائے ہُوئے راستوں پر چلیں ۔ بڑوں کا اَدب کریں ۔ چھوٹوں سے پیار کریں، ہمیشہ سچ بولیں اور اچھے اچھے کام کریں ۔

اِن باتوں سے اللہ خُوش ہوتا ہے اور اپنے اِنعامات سے نوازتا ہے



توحید و رسالت

س : پہلا کلمہ سنائیے ؟

ج : پہلا کلمہ طیّب ہے ۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ؕ

س: کلمہ طیّب کے کتنے حصّے ہیں ؟

ج : اِس کلمے کے دو حصّے ہیں ۔

پہلا حصّہ توحید

اور دُوسرا حصّہ رسالت ہے ۔

س : توحید کا کیا مطلب ہے ؟

ج : توحید کا مطلب ہے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ۔ اللہ ایک ہے ۔ اُس جیسا اور کوئی نہیں ۔ وُہی عبادت کے لائق ہے ۔

س : رسالت کا کیا مطلب ہے ؟

ج : رسالت کا مطلب ہے ۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ ۔ حضرت محمدؐ اللہ کے رسُول ہیں ۔

س: رسُول کسے کہتے ہیں ؟

ج : اللہ نے اپنے بندوں کو سیدھا راستہ دکھانے کے لئے اپنے خاص نیک بندے دُنیا میں بھیجے، اِن کو رسُول کہتے ہیں انہیں نبی یا پیغمبر بھی کہتے ہیں ۔

اللہ کے پیغمبر

س : پیغمبرؑ کا کیا کام ہوتا ہے ؟

ج : پیغمبرؑ کا کام اللہ کے بندوں کو اللہ تعالےٰ کے بتائے ہوئے راستے پر چلنے کی ہدایت کرنا اور بُرائی سے روکنا ہے ۔

س : آج تک دُنیا میں کتنے پیغمبرؑ آئے ہیں ؟

ج : دُنیا میں آج تک تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبرؑ تشریف لائے ہیں ؟

س : دُنیا میں سب سے پہلے کون سے پیغمبرؑ تشریف لائے ؟

ج : دُنیا میں سب سے پہلے حضرت آدم علیہ السّلام تشریف لائے ۔

س : اللہ کے آخری پیغمبر کون سے ہیں ؟

ج : ہمارے پیارے نبی حضرت مُحمّد صَلّی اللہُ عَلَیہِ وَسلّم اللہ کے آخری پیغمبر ہیں اور آپؐ کا رُتبہ نبیوں سے بڑا ہے ۔

س : چند مشہُور پیغمبرؑوں کے نام بتائیں ؟

ج : حضرت آدم عَلیہ السّلام

حضرت نوُح علیہ السّلام

حضرت اِبراہیم علیہ السّلام

حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام

حضرت داوٗد عَلیہ السّلام

حضرت سُلیمان علیہ السّلام

حضرت عیسیٰ عَلیہ السّلام

الہامی کتابیں

س: الہامی کتاب کا کیا مطلب ہے؟

ج: اللہ تعالیٰ نے لوگوں کی ہدایت کے لیئے رسُولؑ بھیجے۔ بعض رسُولوں پر اللہ تعالیٰ کے احکامات کتاب کی صُورت میں نازل ہُوئے۔ ایسی کتاب کو الہامی کتاب کہتے ہیں۔

س: الہامی کتابیں کتنی ہیں اُن کے نام بتائیں؟

ج: الہامی کتابیں چار ہیں۔

۱۔ توریت ۲۔ زبُور

۳۔ اِنجیل ۴۔ قُرآنِ مجید

س: توریت کس رسُولؑ پر اُتری؟

ج: توریت حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام پر اُتری۔

س: زبُور کس رُسُولؑ پر اُتری؟

ج: زبُور حضرت داوٗد علیہ السّلام پر اُتری۔

س: اِنجیل کس رُسُولؑ پر اُتری؟

ج: اِنجیل حضرت عیسیٰ علیہ السّلام پر اُتری۔

س: قُرآنِ مجید کس رسُولؐ پر اُترا؟

ج: قُرآنِ مجید ہمارے پیارے رسُول حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر اُترا۔



قرآن مجید

س : قرآن مجید کس طرح نازل ہوا؟

ج : ایک دن آپؐ غارِ حرا میں حسبِ معمول خدا کی عبادت کر رہے تھے کہ حضرت جبرائیلؑ آپؐ کے پاس حاضر ہوئے اور کہا "پڑھ" اور پھر حضرت جبرائیلؑ نے آپؐ کو قرآن پاک کی چند آیتیں پڑھائیں، یہ آیتیں زندگی میں پہلی بار آپؐ پر نازل ہوئیں۔ اس وقت آپؐ کی عمر چالیس برس کی تھی۔

س : قرآن مجید کتنے عرصے میں نازل ہوا؟

ج : قرآن مجید تیئس ۲۳ برس میں نازل ہوا۔

س : قرآن مجید میں کل کتنے سپارے ہیں؟

ج : قرآن مجید میں کل تیس پارے ہیں۔

س : قرآن مجید میں کتنی سورتیں ہیں؟

ج : قرآن مجید میں ایک سو چودہ سورتیں ہیں۔

س : سب کتابوں سے افضل کتاب کون سی ہے؟

ج : سب کتابوں سے افضل کتاب قرآن مجید ہے۔

س : قرآن مجید اللہ کی آخری کتاب ہے؟

ج : جی ہاں! قرآن مجید اللہ کی آخری کتاب ہے۔

فرشتے

س: فرشتے کون ہیں ؟


ج: فرشتے بھی اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں، جو ہم کو نظر نہیں آتے ۔ یہ نہ کھاتے ہیں نہ پیتے ہیں نہ تھکتے ہیں نہ سوتے ہیں ۔

س: فرشتوں کا کیا کام ہے ؟

ج: مختلف فرشتوں کے ذمّے اللہ تعالےٰ نے مختلف کام سُپرد کیئے ہُوئے ہیں ۔ کسی فرشتے کی ذمّے داری بارش برسانے کی ہے ۔ کچھ فرشتوں کے ذمّے انسانوں کو رزق پہنچانا ہے ۔ کچھ فرشتے اِنسانوں کے اچھّے بُرے اعمال لکھنے پر مُقرّر ہیں ۔ کچھ فرشتے اللہ کے احکام پیغمبروں تک پہنچاتے ہیں ۔ کسی کے ذمّے انسانوں کی جان نکالنا ہے ۔ یہ فرشتے ہر وقت اپنے کام میں لگے رہتے ہیں ۔

س: چند مشہور فرشتوں کے نام اور اُن کے کام بتائیں ؟

ج: چند مشہور فرشتے یہ ہیں :-



۱۔ حضرت جبرائیل علیہ السّلام

ان کا کام اللہ کے احکام کو پیغمبروں تک پہنچانا ہے۔

۲۔ حضرت عزرائیل علیہ السّلام

ان کے ذمّے ہر جان دار کی جان نکالنا ہے۔

۳۔ حضرت اِسرافیل علیہ السّلام

یہ اللہ کے حُکم سے قیامت کے دِن صُور پھُونکیں گے۔

۴۔ حضرت میکائیل علیہ السّلام

ان کی ذمّہ داری اللہ تعالیٰ کی تمام مَخلُوق کو رِزق پہنچانا ہے۔






نماز کی اہمیّت

س : نماز کی اہمیّت بیان کریں ؟

ج : نماز کا پڑھنا ہر مُسلمان، بچّے، بُوڑھے، جوان، مرد اور عورت سب پر فرض ہے یعنی ضرُوری ہے۔

یہ ہمیں بُری باتوں سے روکتی ہے اور سیدھے راستے پر چلاتی ہے یہ آپس میں میل جول بڑھاتی ہے۔ نماز اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شُکر ادا کرنے کا سب سے اچھا ذریعہ ہے۔ نماز وقت کی پابندی سکھاتی ہے۔ اور ہر وقت پاک صاف رکھتی ہے۔

ہمارا فرض ہے کہ ہم خود بھی نماز پڑھیں اور دُوسروں کو بھی نماز پڑھنے کے لیے کہیں۔ اِس سے اللہ تعالیٰ خُوش ہوتا ہے۔




وُضُو کرنے کا طریقہ

س : وُضُو کسے کہتے ہیں ؟

ج : نماز پڑھنے سے پہلے ہاتھ مُنہ دھوتے ہیں، اِسے وُضُو کہتے ہیں۔

س : وُضُو کرنے کا طریقہ بتائیں ؟

ج : پہلے تین بار دونوں ہاتھوں کو پانی سے دھوتے ہیں۔ پھر سیدھے ہاتھ سے پانی لے کر تین بار کُلّی کرتے ہیں۔ پھر تین بار ناک میں پانی ڈالتے ہیں۔ اِسی طرح تین بار مُنہ پر پانی ڈال کر مُنہ دھوتے ہیں۔ پھر تھوڑا سا پانی لے کر سر کا ایک بار مسح کرتے ہیں، یعنی گیلا ہاتھ سَر، کانوں اور گلے پر پھیرتے ہیں۔ پھر پہلے دائیں پاؤں کو اور پھر بائیں پاؤں کو تین بار دھوتے ہیں۔ یہ وُضُو کرنے کا طریقہ ہے۔



نماز پڑھنے کا طریقہ

س : نماز کس طرف مُنہ کر کے پڑھنی چاہیئے ۔

ج : نماز خانہ کعبہ کی طرف مُنہ کر کے پڑھتے ہیں ۔ ہمارے مُلک کے مغرب میں خانہ کعبہ ہے ۔ اس لئے نماز مغرب کی طرف مُنہ کر کے پڑھنی چاہیئے ۔

س : نماز کیسے شروع کرتے ہیں ؟

ج : سب سے پہلے یہ نیت کرنی چاہیے کہ مَیں اللہ کی عبادت کے لیئے اس وقت کی نماز پڑھنا چاہتا ہوں ۔ پھر کھڑے ہو کر دونوں ہاتھ اُنگلیاں کھول کر کانوں تک لے جائیں اور مُنہ سے تکبیر یعنی اللہُ اکبر کہیں ۔

پھر دونوں ہاتھ باندھ کر ثنا پڑھتے ہیں ۔

س: ثناء کیا ہے؟

ج: اِن کلمات کو ثنا کہا جاتا ہے۔

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ

وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ط

پھر تعوّذ اور تسمیہ پڑھتے ہیں۔

س: تعوّذ اور تسمیہ سنائیے؟


ج: تعوّذ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ہ

تسمیہ:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

تعوّذ اور تسمیہ کے بعد سورۃ فاتحہ پڑھتے ہیں۔



س: سورۃ فاتحہ سُنائیے؟

ج: **سورۃ فاتحہ**

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ○ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ
نَسْتَعِیْنُ ○ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ○
صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۵ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ
عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ○ اٰمِیْنَ ط

س: سورۃ فاتحہ کے بعد کیا پڑھتے ہیں؟

ج: سورۃ فاتحہ کے بعد کوئی سی سورت پڑھتے ہیں۔ مثلاً
سورۃ اخلاص

س: سورۃ اخلاص سنائیے۔

ج: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ○ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ○
لَمْ یَلِدْ ط وَلَمْ یُوْلَدْ ○ وَلَمْ یَكُنْ
لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○



س : سُورۃ اخلاص پڑھنے کے بعد کیا کرتے ہیں ؟

ج : سُورۃ اخلاص پڑھنے کے بعد اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر رکُوع کرتے ہیں ۔

س : رکُوع کیا ہوتا ہے ؟

ج : نماز کے دوران دونوں گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر جب اللہ کے حضُور جُھکتے ہیں تو اُس کو رکُوع کہتے ہیں ۔

س : رکُوع میں کیا پڑھتے ہیں

ج : رکُوع میں تین بار سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ پڑھتے ہیں ۔

س : تسمیع کسے کہتے ہیں ۔

ج : رکُوع کے بعد سیدھے کھڑے ہو جاتے ہیں اور پڑھتے ہیں ۔

سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ ؕ

رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ ؕ

س : تسمیع کے بعد کیا کرتے ہیں ؟

ج : پھر اللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر سجدے میں جاتے ہیں ۔

س : سجدے میں کیا پڑھتے ہیں ؟

ج : سجدے میں تین بار سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی ؕ



پڑھتے ہیں۔ پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر بیٹھتے ہیں۔

س : ایک رَکْعَتْ میں کتنے سجدے ہوتے ہیں؟

ج : ایک رَکْعَتْ میں دو سجدے ہوتے ہیں، اور ہر سجدے میں تین بار سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی پڑھتے ہیں۔

اِس طرح ایک رَکْعَت پُوری ہو جاتی ہے۔

س : ہر نماز میں کتنی رَکْعَتیں ہوتی ہیں؟

ج : ہر نماز میں دو، تین یا چار رَکْعَتیں ہوتی ہیں۔ دُوسرے سجدے کے ختم ہونے پر ایک رَکْعَتْ ختم ہو جاتی ہے۔

س : دُوسری رَکْعَتْ کیسے پڑھتے ہیں؟

ج : پہلی رَکْعَتْ ختم ہونے کے بعد پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور سُورَۃ فاتحہ سے لے کر پہلی رَکْعَتْ کی طرح دُوسری رَکْعَتْ بھی مُکمّل کریں۔

دُوسری رَکْعَتْ کے ختم ہونے پر کھڑے نہیں ہوتے، بلکہ بیٹھ کر تَشَہُّدْ پڑھتے ہیں۔

س : تَشَہُّدْ سُنائیے :

ج : تَشَہُّدْ : اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّیِّبٰتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ ط

اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ ط اَشْھَدُ
اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ہ

س: تشہد پڑھنے کے بعد کیا کرتے ہیں؟

ج: اگر نماز تین رکعت والی ہو یا چار رکعت والی ہو تو پھر کھڑے ہو جاتے ہیں ورنہ درود شریف اور دعا پڑھتے ہیں۔

س: درود شریف سنائیے؟

ج: درود شریف: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ
وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○ ط

س: درود شریف کے بعد کون سی دعا پڑھتے ہیں؟

ج: درود شریف کے بعد یہ دعا پڑھتے ہیں۔

دعا:

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ وَ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ ق صلے
رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ط رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ
یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ط

س: نماز کا آخری عمل کیا ہے؟

ج: دُعا پڑھنے کے بعد دائیں طرف چہرے کا رُخ کر کے اَلسّلامُ عَلَیکُم و رَحمۃُ اللہ کہتے ہیں پھر بائیں طرف چہرے کا رُخ کر کے اَلسّلامُ عَلَیکُم و رَحمۃُ اللہ کہتے ہیں۔

اَب نماز ختم ہو گئی۔

اِس کے بعد دونوں ہاتھ پھیلا کر اللہ سے نیک کام کرنے اور بُرے کاموں سے بچنے اور اللہ کی رحمتوں کے لیے دُعا کرنی چاہیے۔



فرض نمازیں

س : دن اور رات میں کتنی نمازیں فرض ہیں ؟

ج : دن اور رات میں پانچ نمازیں فرض ہیں ؟

س : پانچ نمازوں کے نام لکھیے ؟

ج : ۱۔ نمازِ فجر ۲۔ نمازِ ظُہر

۳۔ نمازِ عصر ۴۔ نمازِ مغرب

۵۔ نمازِ عشاء

س : کون سی نماز کس وقت پڑھی جاتی ہے ؟


ج : ۱۔ نمازِ فجر سُورج نکلنے سے پہلے پڑھی جاتی ہے ۔

۲۔ ظُہر کی نماز دوپہر کے بعد پڑھتے ہیں ۔

۳۔ سُورج غرُوب ہونے سے پہلے نمازِ عصر پڑھی جاتی ہے ۔

۴۔ نمازِ مغرب سُورج غرُوب ہوتے ہی پڑھی جاتی ہے ۔

۵۔ اور رات کے وقت عِشاء کی نماز پڑھتے ہیں ۔






ماں باپ کا ادب

س: ماں باپ کے ادب کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا کیا حکم ہے؟

ج: اللہ کا حکم ہے کہ ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔ اُن کا ادب کرو۔ بے ادبی اور گستاخی نہ کرو۔ جو شخص اپنے ماں باپ کا ادب کرتا ہے۔ بڑھاپے میں اُن کی خدمت کرتا ہے۔ اللہ تعالےٰ اُس پر بہت خوش ہوتا ہے۔

س: ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّم نے ماں باپ کے ادب کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟

ج: ہمارے پیارے نبیؐ نے فرمایا کہ "ماں کے قدموں کے نیچے جنت ہے۔" ماں باپ کو خوش رکھنے کے معنی اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسولؐ کی خوشی اور اطاعت ہے۔ ماں باپ کا ادب کرنے والے اور اُن کا کہنا ماننے والے لوگ جنت میں جائیں گے۔



دیانت داری

س : دیانت داری کے کیا معنی ہیں ؟

ج : دیانت داری کا مطلب ہے "ایمان دار ہونا"۔

س : دیانت دار کِسے کہتے ہیں ؟

ج : دیانت دار وُہ ہوتا ہے جو کسی سے دھوکا نہیں کرتا ، کبھی جھُوٹ نہیں بولتا اور جو وعدہ کرتا ہے ہر حال میں پوُرا کرتا ہے۔

س : ہمارے پیارے رسُول صَلّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلّم کی دیانت داری کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

ج : ہمارے پیارے رسولؐ بہت دیانت دار تھے۔ لوگ آپؐ کے پاس اپنی چیزیں اکثر امانت کے طور پر رکھا کرتے تھے۔ جس کی وجہ سے ہمارے پیارے رسولِ پاکؐ "امین" کے نام سے مشہور تھے۔ آپؐ کے دُشمن بھی آپؐ کی دیانت داری کو مانتے تھے۔

س : حضوُرِ پاکؐ کی دیانت داری کا کوئی واقعہ سُنائیں ؟

ج : آپؐ کی دیانت داری کا چرچا جب حضرت خدیجہؓ نے سُنا تو اُنھوں نے آپؐ کو مال دے کر تجارت کے لیے باہر بھیجا۔ آپؐ کو اُس مال سے جتنا بھی نفع ہوُا وہ تمام کا تمام حضرت خدیجہؓ کو دے دیا۔ اس سے آپؐ کی دیانت داری کا پتہ چلتا ہے۔


KHALID ENGLISH SERIES

We have prepared this course of Primary English for those schools of our country where English is taught at primary level. It has been written according to the understanding of young children, aged 6 to 10, and it has the following books:-

Khalid English	Introductory Book	For Prep.
Khalid English	Book I	For Class 1
Khalid English	Book 2	For Class 2
Khalid English	Book 3	For Class 3
Khalid English	Book 4	For Class 4
Khalid English	Book 5	For Class 5

Workbooks from Prep to Class 5 have also been prepared that would serve the purpose of producing writing power in the students. Also available from us:

1.	Khalid Dinyat	For Class 1 & 2
2.	Khalid Science	For Class 1 & 2
3.	Khalid Muashrati Uloom	For Class 1 & 2
4.	Khalid English Grammar	For Class 6, 7 & 8
5.	Khalid English Translation	For Class 6, 7 & 8



Suggestions, if any, about this series are to be sent to:

WAJID SONS
3 - URDU BAZAR LAHORE
PH. 64480

Price Rs 10.00 =